احمدی احباب کی تعلیم و تربیت کیلئے

جمعہ 7 مارچ 2008ء

# روزنامہ الفضل

ٹیلی فون نمبر 047-6213029 C.P.L 29-FD

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

جمعہ 7 مارچ 2008ء 28 صفر 1429 ہجری 7 امان 1387 ہش جلد 58-93 نمبر 54

## تقویٰ کے ساتھ

حضرت ابوذر غفاریؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھے فرمایا:۔

اس بات کا خیال رکھ کہ تو کسی سرخ یا سیاہ رنگ کے آدمی پر فضیلت نہیں رکھتا سوائے اس کے کہ تو اپنے تقویٰ میں اس سے بڑھ جائے۔

(مسند احمد حدیث نمبر:20438)

## ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

اصل توحید کو قائم کرنے کے لئے ضروری ہے کہ خدا تعالیٰ کی محبت سے پورا حصہ لو۔ اور یہ محبت ثابت نہیں ہو سکتی جب تک عملی حصہ میں کامل نہ ہو۔ نری زبان سے ثابت نہیں ہوتی۔ اگر کوئی مصری کا نام لیتا رہے، تو کبھی نہیں ہو سکتا کہ وہ شیریں کام ہو جاوے یا اگر زبان سے کسی کی دوستی کا اعتراف اور اقرار کرے۔ مگر مصیبت اور وقت پڑنے پر اس کی امداد اور دستگیری سے پہلو تہی کرے، تو وہ دوست صادق نہیں ٹھہر سکتا۔ اسی طرح پر اگر خدا تعالیٰ کی توحید کا نرا زبانی ہی اقرار ہو اور اس کے ساتھ محبت کا بھی زبانی ہی اقرار موجود ہو تو کچھ فائدہ نہیں، بلکہ یہ حصہ زبانی اقرار کی بجائے عملی حصہ کو زیادہ چاہتا ہے۔ اس سے یہ مطلب نہیں کہ زبانی اقرار کوئی چیز نہیں ہے۔ نہیں۔ میری غرض یہ ہے کہ زبانی اقرار کے ساتھ عملی تصدیق لازمی ہے۔ اس لئے ضروری ہے کہ خدا کی راہ میں اپنی زندگی وقف کرو۔ اور یہی (دین) ہے اور یہی وہ غرض ہے جس کے لئے مجھے بھیجا گیا ہے۔ پس جو اس وقت اس چشمہ کے نزدیک نہیں آیا۔ جو خدا تعالیٰ نے اس غرض کے لئے جاری کیا ہے وہ یقیناً بے نصیب رہتا ہے۔ اگر کچھ لینا ہے اور مقصد کو حاصل کرنا ہے تو طالب صادق کو چاہئے کہ وہ چشمہ کی طرف بڑھے اور آگے قدم رکھے اور اس چشمہ جاری کے کنارے اپنا منہ رکھ دے اور یہ ہو نہیں سکتا جب تک خدا تعالیٰ کے سامنے غیریت کا چولہ اتار کر آستانہ ربوبیت پر نہ گر جاوے اور یہ عہد نہ کر لے کہ خواہ دنیا کی وجاہت جاتی رہے اور مصیبتوں کے پہاڑ ٹوٹ پڑیں، تو بھی خدا کو نہیں چھوڑے گا اور خدا تعالیٰ کی راہ میں ہر قسم کی قربانی کے لئے تیار رہے گا۔ ابراہیم علیہ السلام کا یہی عظیم الشان اخلاص تھا کہ بیٹے کی قربانی کے لئے تیار ہو گیا۔ (دین) کا منشاء یہ ہے کہ بہت سے ابراہیم بنائے (۔) میں تمہیں سچ سچ کہتا ہوں کہ:

ولی پرست نہ بنو۔ بلکہ ولی بنو
اور پیر پرست نہ بنو۔ بلکہ پیر بنو

تم ان راہوں سے آؤ۔ بے شک وہ تنگ راہیں ہیں۔ لیکن ان سے داخل ہو کر راحت اور آرام ملتا ہے۔ مگر یہ ضروری ہے کہ اس دروازہ سے بالکل ہلکے ہو کر گزرنا پڑے گا۔ اگر بہت بڑی گٹھڑی سر پر ہو تو مشکل ہے۔ اگر گزرنا چاہتے ہو تو اس گٹھڑی کو جو دنیا کے تعلقات اور دنیا کو دین پر مقدم کرنے کی گٹھڑی ہے، پھینک دو، ہماری جماعت خدا کو خوش کرنا چاہتی ہے تو اس کو چاہئے کہ اس کو پھینک دے۔ تم یقیناً یاد رکھو کہ اگر تم میں وفاداری اور اخلاص نہ ہو تو تم جھوٹے ٹھہرو گے۔ اور خدا تعالیٰ کے حضور راستباز نہیں بن سکتے۔ ایسی صورت میں دشمن سے پہلے وہ ہلاک ہو گا جو وفاداری کو چھوڑ کر غداری کی راہ اختیار کرتا ہے۔ خدا تعالیٰ فریب نہیں کھا سکتا اور نہ کوئی اسے فریب دے سکتا ہے۔ اس لئے ضروری ہے کہ تم سچا اخلاص اور صدق پیدا کرو۔

(ملفوظات جلد دوم ص 138)

## مقابلہ حسن کارکردگی بین المجالس

(مجلس انصار اللہ پاکستان 2007ء)

سال 2007ء میں زعماء اعلیٰ اور زعماء مجالس مقامی انصار اللہ پاکستان میں کارکردگی کے لحاظ سے علم انعامی کی حقدار اور پہلی دس مجالس کی فہرست حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی خدمت میں منظوری کیلئے بھجوائی گئی تھی۔ مجلس عاملہ کی رائے کو حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے منظور فرما لیا ہے۔ اللہ تعالیٰ ان سب مجالس کیلئے یہ اعزاز مبارک فرمائے۔ آمین

☆ مجلس انصار اللہ دار الذکر فیصل آباد اول اور علم انعامی کی حقدار
☆ مجلس انصار اللہ مغلپورہ لاہور۔ دوم
☆ مجلس انصار اللہ ڈیفنس لاہور۔ سوم
☆ مجلس انصار اللہ ربوہ۔ چہارم
☆ مجلس انصار اللہ دار السلام لاہور۔ پنجم
☆ مجلس انصار اللہ مارٹن روڈ کراچی۔ ششم
☆ مجلس انصار اللہ شاہدرہ ٹاؤن لاہور۔ ہفتم
☆ مجلس انصار اللہ جوہر ٹاؤن لاہور۔ ہشتم
☆ مجلس انصار اللہ بھاٹی گیٹ لاہور۔ نہم
☆ مجلس انصار اللہ دار الحمد فیصل آباد۔ دہم

اللہ تعالیٰ ان مجالس کیلئے یہ اعزاز مبارک فرمائے اور انہیں احسن رنگ میں خدمت کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

(صدر مجلس انصار اللہ پاکستان)

## سپیشلسٹ ڈاکٹر کی فوری ضرورت

فضل عمر ہسپتال ربوہ میں امراض ناک کان و گلا کے سپیشلسٹ ڈاکٹر کی فوری ضرورت ہے۔ کوالیفائیڈ ڈاکٹر/سپیشلسٹ صاحبان جو خدمت خلق کا جذبہ رکھتے ہوں اپنی درخواستیں مع اسناد اور تجربہ کے سرٹیفکیٹس کے بنام ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ جلد ارسال کریں درخواستیں صدر صاحب محلّہ/امیر صاحب جماعت کی تصدیق کے ساتھ آنی چاہئیں۔

(ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

محترم مولانا دوست محمد صاحب شاہد مورخ احمدیت

# عالم روحانی کے لعل وجواہر نمبر 473

## گلستان احمدیت کے معصوم پھول اور سالانہ جلسہ کے مجاہدات

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کا بیان فرمودہ روح پرور واقعہ۔فرمایا:۔

قادیان کی بات ہے میں اس وقت بچہ ہی تھا میرا ہم عمر ایک اور بچہ مدرسہ احمدیہ کے ایک کمرے میں بطور معاون کام کر رہا تھا میری عمر اس وقت اتنی چھوٹی تھی کہ میرے بزرگ حضرت میر محمد اسماعیل صاحب جو اس وقت جلسہ سالانہ کے انچارج ہوتے تھے وہ اپنے دفتر میں میری ڈیوٹی تو لگا دیتے تھے لیکن ان کی طرف سے ڈیوٹی لگانے کا مطلب صرف یہ ہوتا تھا کہ مجھے جلسہ سالانہ کے کام کرنے کی عادت پڑ جائے۔ ورنہ اس عمر میں جو عام جلسہ کا انتظام ہے اس قسم کے کام میں نہیں کر سکتا تھا بس کبھی وہ مجھے کوئی پیغام دے کے بھیج دیتے تھے کبھی ویسے ہی بٹھائے رکھتے تھے اور میں ان کو کام کرتے دیکھتا رہتا تھا یا ان کے کاغذ وغیرہ ٹھیک کرتا رہتا تھا ایک دفعہ رات کے وقت جب قریباً سب مہمان کھانا کھانے سے فارغ ہو چکے تھے تو وہ مجھ سے کہنے لگے مدرسہ احمدیہ کے کمروں میں جا کر دیکھ آؤ۔ کیا سب مہمان ٹھیک ٹھاک ہیں ان کو کھانا مل گیا ہے یا نہیں۔ آیا سب آرام سے ہیں کسی کو کوئی تکلیف تو نہیں؟ چنانچہ میں مدرسہ احمدیہ کے ایک کمرہ کے دروازہ پر جب پہنچا تو اس کا دروازہ ذرا سا کھلا تھا۔ ان دنوں جلسہ سالانہ کے دوران رضا کاروں کو رات کے وقت ایک دو بار چائے کی پیالی بھی مل جایا کرتی تھی۔

میں نے دیکھا کہ ایک رضا کار اپنی چائے کی پیالی لے کر جب کمرے میں آیا تو وہاں ایک مہمان بیمار پڑا تھا اسے غالباً لرزہ کے ساتھ بخار چڑھا ہوا تھا اسے خیال آیا کہ یہ بچہ شاید مجھے بیمار دیکھ کر میرے لئے چائے لے کر آیا ہے چنانچہ عین اس وقت جب میں ذرا سا دروازہ کھول کر اندر جانے لگا تو اس بیمار دوست نے پوچھا میرے لئے چائے لے کر آئے ہو؟ مجھے تو پتہ تھا کہ یہ فلاں لڑکا ہے (جو اس وقت مجھ سے ذرا بڑا ہوگا) اور یہ اپنے لئے چائے لے کر آیا ہے۔ میں باہر کھڑا ہو گیا یہ دیکھنے کے لئے کہ اب اس کا ردعمل کیا ظاہر ہوتا ہے۔ میں نے دیکھا کہ ایک لمحہ کیلئے اس طفل نے یہ نہیں ظاہر ہونے دیا کہ وہ اپنے لئے چائے لے کر آیا ہے۔ وہ فوراً کہنے لگا ہاں آپ کی طبیعت ٹھیک نہیں۔ آپ یہ چائے پیئیں۔ اس نے یہ بھی نہیں کہا کہ آپ کے لئے چائے لے کر آیا ہوں کیونکہ اس طرح غلط بیانی ہو جاتی۔

پس بظاہر یہ ایک معمولی سا واقعہ ہے لیکن یہ معمولی سا واقعہ بھی بتا رہا ہے کہ جو ہمارے کم عمر احمدی بچے ہیں یا نوجوان اور بڑی عمر کے جلسہ سالانہ کی ڈیوٹیاں دیتے ہیں اور جلسہ سالانہ کے کام رضا کارانہ طور پر کرتے ہیں ان کی ذہنیت کیا ہوتی ہے۔ پچھلے سال چونکہ جلسہ سالانہ کے موقع پر پولیس کا بھی بڑا انتظام تھا۔ ایک چھوٹا بچہ جو رات کا کھانے لے کر جا رہا تھا اس سے ایک پولیس افسر نے علم حاصل کرنے کیلئے پوچھا بچے تمہیں اس کام کے کتنے پیسے ملتے ہیں؟ تو وہ ہنس پڑا۔ کہنے لگا تم پیسوں کی بات کرتے ہو میں ربوہ کا رہنے والا نہیں میں باہر سے آیا ہوں اور بڑی سفارشیں کروا کر میں نے جلسہ کے کام کے لئے اپنی ڈیوٹی لگوائی ہے ورنہ باہر والوں کو عام طور پر نہیں لگاتے اور تم مجھ سے یہ پوچھتے ہو کہ مجھے پیسے کتنے ملتے ہیں؟

(خطبات ناصر جلد ششم صفحہ 196 نظارت اشاعت ربوہ)

## نہاں ہم ہو گئے یار نہاں میں

الفضل قادیان (24 نومبر 1915ء) کے صفحہ 2 پر امرتسر کے ایک غریب اور مظلوم احمدی کے لئے دعائیہ اعلان کا ایک مثالی نمونہ:۔

”امرتسر میں ایک احمدی غریب کو بعض شریر خوامخواہ دکھ دیتے اور فحش کلامی اور دلآزاری کرتے رہتے ہیں اسی قسم کی اور بہت سی درد انگیز فریادیں بغرض دعا ان دنوں حضرت اقدس کی خدمت میں پہنچ چکی ہیں جس سے معلوم ہوتا ہے کہ دشمنان سلسلہ کی رگ مخالفت آج کل خاص طور پر جوش میں ہے پس اے مخلص خدام مسیح ............ تم بھی اب خاص ہی جوش اور تڑپ کے ساتھ راتوں کو اٹھ اٹھ کے اپنے رب کے حضور زاری کرو کہ مولا تیرے عرش عظیم کی دہائی ہے۔ اب تو اعدائے دین تیرے عاجز بندوں کو بہت ہی ستانے لگے ہیں انہیں ہدایت کیجئے اور ہمیں ان مظالم کو سہنے کی طاقت دیجئے“

## میانوالی ایکسپریس کا ربوہ میں سٹاپ

مورخہ 25 فروری 2008ء سے ربوہ اسٹیشن پر میانوالی ایکسپریس کا سٹاپ منظور ہو چکا ہے لہٰذا احباب سے گزارش ہے کہ اس سے استفادہ کریں۔ ٹائمنگ یہ ہیں

148Down لاہور جانے کیلئے رات 2:30 بجے

147UP میانوالی جانے کیلئے رات 12:15 بجے

(ریلوے سٹیشن ماسٹر ربوہ)

# اطلاعات واعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

## سانحہ ارتحال

مکرم محمد فہیم صاحب ایڈووکیٹ ماڈل ٹاؤن لاہور تحریر کرتے ہیں۔

خاکسار کے چھوٹے بھائی مکرم ملک محمد نعیم صاحب ایڈووکیٹ ابن مکرم ملک محمد مستقیم صاحب ایڈووکیٹ مرحوم ساہیوال میں مورخہ 26 فروری 2008ء کو حرکت قلب بند ہو جانے کی وجہ سے انتقال کر گئے۔ مرحوم کی نماز جنازہ مورخہ 28 فروری 2008ء کو مربی سلسلہ نے پڑھائی اور اس کے بعد ان کی تدفین مقامی احمدیہ قبرستان میں کی گئی مرحوم نے پسماندگان میں بیوہ اور تین بیٹے مکرم فیصل احمد صاحب ملک امریکہ، مکرم طلال احمد صاحب ملک امریکہ اور مکرم تیمور ملک صاحب سکاٹ لینڈ چھوڑے ہیں۔ مرحوم نیک ایماندار غریب پرور اور اعلیٰ اخلاق کے مالک تھے۔ احباب سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ محض اپنے رحم اور فضل سے مرحوم کو جنت الفردوس میں ہر آن بلندی درجات عطا فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے مرحوم کی وفات پر جماعت احمدیہ ساہیوال کے ہر فرد نے جس طرح سے اس موقع پر ہماری دلجوئی کی اللہ تعالیٰ ان سب کو اور ان کی اولادوں کو اجر عظیم سے نوازے۔ آمین

## سانحہ ارتحال

مکرم مظفر احمد صاحب برلاس ڈیفنس لاہور تحریر کرتے ہیں۔

خاکسار کی خوشدامن اور مکرم مرزا افضل بیگ صاحب مرحوم کی صاحبزادی محترمہ شفیعہ سلطانہ صاحبہ اہلیہ مکرم مرزا مبشر احمد صاحب بیگ مرحوم طویل علالت کے بعد 78 سال کی عمر میں مورخہ 24 فروری 2008ء کو بقضائے الٰہی لاہور میں وفات پا گئیں۔ اسی دن مرحومہ کی نماز جنازہ، رہائش گاہ L-267 ڈیفنس ہاؤسنگ اتھارٹی لاہور میں مکرم حمید اللہ خالد صاحب مربی سلسلہ نے پڑھائی۔ ہانڈو گجر لاہور کے قبرستان میں مرحومہ کو سپرد خاک کر دیا گیا قبر تیار ہونے پر مکرم مرزا اجمل امجد بیگ صاحب سابق جنرل سیکرٹری جماعت احمدیہ حلقہ ڈیفنس لاہور نے دعا کرائی۔ مرحومہ نے اپنے پسماندگان میں تین بیٹے مکرم مرزا فہیم احمد بیگ صاحب مکرم ڈاکٹر مرزا کلیم احمد بیگ صاحب مکرم مرزا ندیم احمد بیگ صاحب، ایک بیٹی مکرم رفعت مظفر صاحبہ اور 17 پوتے پوتیوں و نواسے نواسیوں کو سوگوار چھوڑا ہے۔ مرحومہ نیک دل، کم گو، عبادت گزار اور صلہ رحمی کرنے والی دردمند خاتون تھیں خلافت احمدیہ سے دلی وابستگی رکھنے اور جماعت کی مالی تحریکات میں حصہ لینے والی خصوصاً غریب و نادار لوگوں کی دل وجان سے مدد کر کے روحانی تسکین محسوس کرتی تھیں۔ دھیمے انداز میں بڑی حکمت کے ساتھ بچوں کی تربیت کرتی رہیں تمام اہل خاندان خصوصاً اپنے سسرالی رشتہ داروں اور تمام عزیزوں سے حسن سلوک اور محبت کرنے والی اور سب کیلئے دعائیں کرنے والی مخلص خاتون تھیں احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کی مغفرت فرمائے انہیں جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین

## سانحہ ارتحال

مکرم مرزا محمد عتیق صاحب کنری ضلع میرپور خاص تحریر کرتے ہیں۔

میرے والد محترم مرزا محمد رفیع صاحب ولد مکرم حسین بیگ صاحب کھدریالہ مورخہ 25 فروری 2008ء کو کنری میں بقضائے الٰہی 89 سال کی عمر میں وفات پا گئے ہیں آپ جماعتی کاموں میں بڑی جانفشانی سے دلچسپی لیتے تھے آپ کو 22 سال تک بطور امیر جماعت احمدیہ کنری خدمت کرنے کا موقع ملا۔ اسی دوران 1985ء میں ایک ماہ دس دن تک اسیر راہ مولیٰ کا شرف بھی حاصل ہوا۔ آپ ٹاؤن کمیٹی کنری کے کونسلر بھی رہے۔ مرحوم نے اپنے پیچھے دو بیٹے خاکسار اور مکرم مرزا محمد رفیق صاحب کنری اور دو بیٹیاں مکرمہ طلعت نسرین صاحبہ اہلیہ مکرم صباح الدین صاحب مرحوم اور مکرمہ روبینہ شاہین صاحبہ اہلیہ مکرم جناح الدین صاحب یادگار چھوڑی ہیں۔ احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

## سانحہ ارتحال

مکرم محمد یونس طاہر صاحب کارکن دفتر نمائش کمیٹی تحریر کرتے ہیں۔

مکرم محمد ممتاز احمد صاحب سرگانہ ابن مکرم مہر عاشق محمد صاحب سرگانہ سابق صدر باگڑ سرگانہ ضلع خانیوال مورخہ 27 فروری 2008ء کو بعمر 79 سال وفات پا گئے۔ موضع باگڑ میں ان کی نماز جنازہ مکرم نعیم اللہ خان صاحب امیر ضلع خانیوال نے پڑھائی۔ ربوہ میں نماز جنازہ مکرم مظفر احمد منصور صاحب مربی ضلع اٹک نے پڑھائی۔ قبرستان عام ربوہ میں تدفین ہوئی۔ احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کی مغفرت فرمائے اور رلواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

احسان اللہ دانش صاحب

# تلاوت قرآن کریم کے آداب

## قرآن شریف تدبر و تفکر و غور سے پڑھنا چاہئے

حضرت رسول کریم ﷺ تلاوت قرآن پر بہت زور دیتے اور کثرت سے تلاوت کرنے کی تاکید فرماتے تھے۔ حفاظت قرآن کے ضمن میں کثرت تلاوت بہت اہم کردار ادا کرتی ہے۔ کثرت سے تلاوت کرنے والا حافظ نہ سہی مگر ایک نیم حافظ ضرور بن جاتا ہے اور قرآن کریم کے متن سے اس قدر مانوس ہو جاتا ہے کہ جب اس کے سامنے تلاوت کی جائے تو غلطی کی صورت میں فوراً درستی کرا دیتا ہے۔ گو زبانی اسے مکمل قرآن نہ بھی یاد ہو، وہ چھوٹی سی غلطی پر بھی فوراً مطلع ہو جاتا ہے اور اصلاح کروا دیتا ہے۔

تلاوت کی اہمیت کا اندازہ اس بات سے ہوتا ہے کہ دلوں میں اس کی اہمیت جاگزین کرنے کا بیڑا بھی اللہ تعالیٰ خود اُٹھاتا ہے۔ کیونکہ رسول کریم ﷺ کی طاقت میں تھا ہی نہیں کہ دلوں میں اتنی محبت پیدا کر دیں جو آئندہ زمانوں پر بھی محیط ہو اور کسی دَور میں بھی قوم کلام اللہ کی تلاوت کے فریضہ سے غافل نہ ہو۔ بہت بھی ہوتا تو یہی کہ آپ کی خوشنودی کی خاطر لوگ آپؐ کے سامنے تو تلاوت کر لیا کرتے مگر جب آپؐ سامنے نہ ہوتے یا جب آپؐ کی وفات ہو جاتی تو پھر یہ سلسلہ ختم ہو جاتا۔ مگر خدا تعالیٰ نے تلاوت قرآن کو زندہ رکھنا اپنی ذمہ داری قرار دیا۔ اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں فرماتا ہے: اس قرآن کا جمع کرنا اور اس کی تلاوت ہماری ذمہ داری ہے۔

(القیامۃ:18)

اس آیت سے تلاوت کی اہمیت کا اندازہ ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے جمع قرآن کے ساتھ اس کو رکھا ہے۔

## آداب تلاوت

قرآن کریم باقاعدہ تلاوت کے آداب سکھاتا ہے۔ مثلاً یہ کہ تلاوت کرنے سے قبل ظاہری اور باطنی پاکیزگی شرط ہے۔ فرمایا:۔ کوئی اسے چھو نہیں سکتا سوائے پاک کئے ہوئے لوگوں کے۔

(الواقعہ:80)

پھر یہ کہ تلاوت سے قبل خدا تعالیٰ سے شیطانی وساوس سے بچنے کی دعا کر لیا کرو:

ترجمہ: پس جب تو قرآن پڑھے تو دھتکارے ہوئے شیطان سے اللہ کی پناہ مانگ لیا کر۔

(النحل:99)

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

ترجمہ: اے طالب معرفت جان لے کہ جب کوئی شخص سورۃ فاتحہ اور قرآن کریم کی تلاوت کرنے لگے تو اس پر لازم ہے کہ وہ (اعوذ باللہ) پڑھے جیسا کہ قرآن کریم میں حکم ہے۔ کیونکہ کبھی شیطان خدا تعالیٰ کی رکھ میں چوروں کی طرح داخل ہو جاتا ہے اور اس حرم کے اندر آ جاتا ہے جو معصومین کا محافظ ہے۔ پس اللہ تعالیٰ نے ارادہ فرمایا کہ وہ سورۃ فاتحہ اور قرآن مجید کی تلاوت کے وقت اپنے بندوں کو شیطان کے حملہ سے بچائے، اسے اپنے حربہ سے پسپا کرے، اس کے سر پر تبر رکھے اور غافلوں کو غفلت سے نجات دے۔ پس اس نے شیطان کو دھتکارنے کے لیے جو قیامت تک راندہ درگاہ ہے اپنے ہاں سے بندوں کو ایک بات سکھائی۔

(اعجاز المسیح روحانی خزائن جلد18 صفحہ 81-82)

پھر یہ ادب سکھلایا کہ جب تلاوت کی جا رہی ہو تو خاموشی سے سُنی جائے۔ فرمایا

اور جب قرآن پڑھا جائے تو اسے غور سے سنو اور خاموش رہو تا کہ تم پر رحم کیا جائے۔

(الاعراف:205)

قرآن کریم کی ان تعلیمات کے مطابق رسول کریم ﷺ صحابہ کو غور سے تلاوت سننے کی بھی بہت تاکید فرماتے تھے۔ روایت ہے:۔

”جو قرآن کریم کی تلاوت کرتا ہے اس کے لئے ایک اجر ہے اور جو غور سے سنتا ہے اس کے لئے دہرا اجر ہے“۔

(الدارمی۔ فضائل القرآن۔ فضل من استمع الی القرآن)

آداب تلاوت کے ضمن میں یہاں تک رہنمائی فرمائی کہ ایسے مبارک اوقات بھی بتا دیئے کہ دِن اور رات کی کن گھڑیوں میں تلاوت قرآن کریم اللہ تعالیٰ کے حضور زیادہ پسندیدہ ہے۔ ان میں سے ایک وقت فجر کا ہے جب کہ انسانی ذہن مکمل طور پر پُرسکون، تازہ دم اور ہشاش بشاش ہوتا ہے۔ چنانچہ فرمایا:۔

سورج کے ڈھلنے سے شروع ہو کر رات کے چھا جانے تک نماز کو قائم کر اور فجر کی تلاوت کو اہمیت دے۔ یقیناً فجر کو قرآن پڑھنا ایسا ہے کہ اُس کی گواہی دی جاتی ہے۔ (بنی اسرائیل:79)

ذیل میں بطور نمونہ چند ایک احادیث درج کی جاتی ہیں جن میں آنحضرت ﷺ نے تلاوت کی اہمیت، آدابِ تلاوت اور فضائل تلاوت کا ذکر فرمایا ہے۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:۔

”جس نے قرآن کا ایک حرف بھی پڑھا اس کو اس کے پڑھنے کی وجہ سے ایک نیکی ملے گی اور اس ایک نیکی سے دس اور نیکیاں ملیں گی۔ میں نہیں کہتا کہ الٓمٓ ایک حرف ہے بلکہ الف ایک حرف ہے لام ایک حرف ہے اور میم ایک حرف ہے۔“

(بخاری کتاب فضائل القرآن باب ماجاء فیمن قرا حرفا من القرآن...)

اسی ارشاد کی تعمیل میں حضرت عبداللہ بن مسعودؓ نے اپنی زندگی کا شغل ہی قرآن کریم پڑھنا پڑھانا بنا لیا تھا۔

حضرت ابوامامہ باہلی روایت کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا:۔

فرمایا:۔

قرآن پڑھا کرو یہ قیامت کے روز اپنے پڑھنے والوں کی شفاعت کرے گا زَھْرَاوَین یعنی سورۃ بقرہ اور سورۃ آل عمران پڑھا کرو یہ قیامت کے روز اس طرح آئیں گی گویا دو بدلیاں ہوں یا ایسے کہ گویا صف آراء پرندوں کے دو غول ہوں جو اپنے پڑھنے والوں پر سایہ فگن ہوں گے۔ سورۃ بقرہ پڑھا کرو کیونکہ اس کو پڑھتے رہنا برکت کا موجب ہے اور اس کو ترک کر دینا حسرت کا موجب ہو گا جھوٹے شعبدہ باز اس پر غالب نہیں آ سکتے۔“

(مسلم کتاب صلاۃ المسافرین باب فضل قراءۃ القرآن وسورۃ البقرۃ)

حضرت عُبَیْدَہ مُلَیْکِی رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اے اہل قرآن! قرآن پڑھے بغیر نہ سویا کرو اور اس کی تلاوت رات کو اور دن کے وقت اس انداز میں کرو جیسے اس کی تلاوت کرنے کا حق ہے اور اس کو پھیلاؤ اور اس کو خوش الحانی سے پڑھا کرو اور اس کے مضامین پر غور کیا کرو تا کہ تم فلاح پاؤ۔

(رواہ البیھقی فی شعب الایمان بحوالہ مشکاۃ المصابیح کتاب فضائل القرآن)

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

”قرآن شریف کو بھی خوش الحانی سے پڑھنا چاہئے۔ بلکہ اس قدر تاکید ہے کہ جو شخص قرآن شریف کو خوش الحانی سے نہیں پڑھتا وہ ہم میں سے نہیں ہے۔ اور خود اس میں ایک اثر ہے۔ عمدہ تقریر خوش الحانی سے کی جائے تو اس کا بھی اثر ہوتا ہے۔ وہی تقریر ژولیدہ زبانی سے کی جائے تو اس میں کوئی اثر نہیں ہوتا۔ جس شئے میں خدا تعالیٰ نے تاثیر رکھی ہے اس کو...... کی طرف کھینچنے کا آلہ بنایا جائے تو اس میں کیا حرج ہے“۔

(ملفوظات جلد چہارم صفحہ 524)

ایک دوسری جگہ فرمایا:۔

”آنحضرت ﷺ نے خوش الحانی سے قرآن سنا تھا اور آپؐ اس پر روئے بھی تھے۔ جب یہ آیت آئی وَجِئْنَا بِکَ (۔)(النساء:42) آپ روئے اور فرمایا بس کر میں آگے نہیں سن سکتا۔ آپ کو اپنے گواہ گزرنے پر خیال گذرا ہو گا۔ ہمیں خود خواہش رہتی ہے کہ کوئی خوش الحان حافظ ہو تو قرآن سنیں“۔

(ملفوظات جلد سوم صفحہ 162)

”قرآن شریف تدبر و تفکر و غور سے پڑھنا چاہیے حدیث شریف میں آیا ہے رُبَّ قَارٍ یَّلْعَنُہُ الْقُرْاٰن۔ یعنی بہت ایسے قرآن کریم کے قاری ہوتے ہیں جن پر قرآن کریم لعنت بھیجتا ہے۔ جو شخص قرآن پڑھتا اور اس پر عمل نہیں کرتا اس پر قرآن مجید لعنت بھیجتا ہے۔ تلاوت کرتے وقت جب قرآن کریم کی آیت رحمت پر گذر ہو تو وہاں خدا تعالیٰ سے رحمت طلب کی جاوے اور جہاں کسی قوم کے عذاب کا ذکر ہو تو وہاں خدا تعالیٰ کے عذاب سے خدا تعالیٰ کے آگے پناہ کی درخواست کی جاوے اور تدبر و غور سے پڑھنا چاہیے اور اس پر عمل کیا جاوے۔“

(ملفوظات جلد پنجم صفحہ 157)

روایات سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ آنحضورؐ خود کس انداز میں تلاوت کیا کرتے تھے۔ چنانچہ حضرت قتادہؓ سے روایت ہے کہ مَیں نے حضرت انس سے نبیؐ کی قراءت کے متعلق سوال کیا تو آپ نے فرمایا کہ نبیؐ ٹھہر ٹھہر کر تلاوت کیا کرتے تھے۔

(سنن ابی داؤد کتاب الوتر باب استحباب الترتیل فی القراءۃ)

اُم المومنین حضرت اُمِّ سلمہؓ روایت کرتی ہیں کہ رسول اللہ قرآن کریم کی تلاوت ٹھہر ٹھہر کر کیا کرتے تھے۔ آپ ﷺ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْن پڑھ کر توقف فرماتے پھر اَلرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم پڑھتے اور توقف فرماتے۔

(مشکوٰۃ المصابیح کتاب فضائل القرآن)

یَعْلٰی بِنْ مَمْلِکؓ روایت کرتے ہیں کہ مَیں نے اُمّ المومنین حضرت اُمّ سلمہ سے آنحضور ﷺ کے قرآن کی تلاوت کے بارہ میں دریافت کیا تو انہوں نے کہا کہ آنحضور ﷺ کی قراءت، قراءت مفسرہ ہوتی تھی یعنی ایک ایک حرف کے پڑھنے کی سننے والے کو سمجھ آ رہی ہوتی تھی۔

(رواہ الترمذی وابوداؤد والنسائی بحوالہ مشکاۃ المصابیح کتاب فضائل القرآن)

حضرت براء بن عازب سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ قرآن کو اپنی آوازوں سے زینت دو۔

(سنن ابی داؤد کتاب الوتر باب استحباب الترتیل فی القراءۃ)

پھر یہ بھی احادیث ملتی ہیں کہ قرآن کریم کے حکم کی تعمیل میں رسول کریم ﷺ بہت تاکید فرماتے تھے کہ تلاوت توجہ سے سنی جائے۔ حضرت امام بخاری نے اپنی صحیح میں کتاب فضائل القرآن میں قرآن کریم غور سے سننے کے بارہ میں آنحضور ﷺ کی نصائح اور اُسوہ کے بارہ میں روایات کا ایک باب باندھا ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ رسول کریم ﷺ اس ضمن میں کس قدر تاکید فرماتے تھے اور صرف صحیح بخاری ہی نہیں بلکہ قریباً تمام کتبِ حدیث میں ملتے جلتے مضامین کی احادیث کثرت سے ملتی ہیں۔

آنحضرت ﷺ کی ان نصائح پر صحابہؓ نے اپنی فطری اطاعت کی عادت کے مطابق والہانہ لبیک کہا۔

بہت سے صحابہؓ نے قرآن کریم کی تعلیم و تدریس کو ہی اپنا شغل بنالیا اور دن رات اس کی تلاوت میں مشغول رہتے تھے۔ اللہ تعالیٰ صحابہ کے حق میں گواہی دیتے ہوئے فرماتا ہے:۔

وہ لوگ جن کو ہم نے کتاب دی وہ اس کی ویسی ہی تلاوت کرتے ہیں جیسا کہ اس کی تلاوت کا حق ہے۔ یہی وہ لوگ ہیں جو (درحقیقت) اس پر ایمان لاتے ہیں۔ اور جو کوئی بھی اس کا انکار کرے پس وہی ہیں جو گھاٹا پانے والے ہیں۔ (البقرۃ:122)

چنانچہ روایات میں ہے کہ: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے آنحضور ﷺ نے پوچھا کہ کتنی دیر میں قرآن کریم کا مکمل دَور کرتے ہو؟ انہوں نے عرض کی کہ ایک رات میں۔ آپؐ نے فرمایا:۔

ایک مہینہ میں قرآن کریم کا دَور مکمل کیا کرو مَیں نے عرض کی کہ مجھے اس سے زیادہ کی توفیق ہے۔ آپؐ نے فرمایا کہ پھر ایک ہفتہ میں مکمل کرلیا کرو لیکن اس سے جلدی نہیں۔

(بخاری کتاب فضائل القرآن باب فی کم یقرا القرآن)

اس روایت سے ایک تو یہ علم ہوتا ہے کہ صحابہ کو قرآن کریم سے کس درجہ عشق تھا اور وہ کس طرح دن رات اس کی تلاوت کرنا چاہتے تھے۔ دوسری جانب حفاظت قرآن کے حوالہ سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ رسول اللہ ؐ کس قدر گہری نظر سے حفاظت قرآن کا اہتمام فرماتے۔ اس طرح تیزی سے پڑھنے سے معانی کی طرف بہت کم توجہ ہوتی ہے۔ اس لئے اس طرح تلاوت کرنی چاہئے کہ معانی بھی سمجھ آ رہے ہوں۔

حضرت مسیح موعود آداب تلاوت کے ضمن میں نصیحت کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

''لوگ قرآن شریف پڑھتے ہیں مگر طوطے کی طرح یونہی بغیر سوچے سمجھے چلے جاتے ہیں۔ جیسے ایک پنڈت اپنی پوتھی کو اندھا دھند پڑھتا جاتا ہے۔ نہ خود سمجھتا ہے اور نہ سننے والوں کو پتہ لگتا ہے۔ اسی طرح پر قرآن شریف کی تلاوت کا طریق صرف یہ رہ گیا ہے کہ دو چار سپارے پڑھ لئے اور کچھ معلوم نہیں کہ کیا پڑھا۔ زیادہ سے زیادہ یہ کہ سُر لگا کر پڑھ لیا اور 'ق' اور 'ع' کو پورے طور پر ادا کر دیا۔ قرآن شریف کو عمدہ طور پر اور خوش الحانی سے پڑھنا بھی ایک اچھی بات ہے۔ مگر قرآن شریف کی تلاوت کی اصل غرض تو یہ ہے کہ اس کے حقائق اور معارف پر اطلاع ملے اور انسان ایک تبدیلی اپنے اندر پیدا کرے''۔

(ملفوظات جلد اول صفحہ 284، 285)

اسی طرح تلاوتِ قرآن کریم کا ایک اَور ادب یہ سکھلایا:۔

''اللہ تعالیٰ قرآن شریف کی تعریف میں فرماتا ہے۔ هُدًى لِّلْمُتَّقِينَ (البقرہ:3) قرآن بھی ان لوگوں کے لئے ہدایت کا موجب ہوتا ہے جو تقویٰ اختیار کریں۔ ابتدا میں قرآن کے دیکھنے والوں کا تقویٰ یہ ہے کہ جہالت اور حسد اور بخل سے قرآن شریف کو نہ دیکھیں بلکہ نور قلب کا تقویٰ ساتھ لے کر صدق نیت سے قرآن شریف کو پڑھیں''۔

(ملفوظات جلد اول صفحہ 536)

عبادات کے ساتھ خصوصی طور پر قرآن کریم کی تلاوت کو بہت مضبوطی سے باندھ دیا گیا ہے۔ نماز دن میں پانچ مرتبہ پڑھنا فرض ہے اور ہر نماز میں قرآن کریم کا کچھ حصہ پڑھنا ضروری ہے۔ اس لئے ہر مومن کو قرآن کریم کا کچھ نہ کچھ حصہ یاد کرنا ہی پڑتا ہے اور امام کی تلاوت پیچھے صفوں میں کھڑے نمازی غور سے سُنتے اور کسی بھی غلطی کی صورت میں اصلاح کرواتے ہیں۔ نیز اس طرح بار بار تلاوت اور بار بار سُننے سے مختلف لوگوں کو قرآن کریم کے مختلف حصے ازبر ہوجاتے ہیں۔

آنحضور ﷺ نمازوں میں قرآن کریم کی لمبی تلاوت فرمایا کرتے تھے۔ چنانچہ ایک روایت ملتی ہے کہ ایک دفعہ آپؐ نے نمازِ تہجد میں قرآن شریف کی پہلی پانچ سورتوں کی بالترتیب تلاوت فرمائی جو مجموعی طور پر قرآن کریم کے پانچویں حصہ کے برابر ہیں۔

(ابوداؤد کتاب الصلوٰۃ باب مایقول الرجل فی رکوعہٖ)

اسی طرح بخاری میں ذکر ملتا ہے کہ لمبے لمبے قیام کرنے کی وجہ سے آپؐ کے پاؤں متورم ہوجایا کرتے تھے۔

(بخاری کتاب الصلاۃ باب قیام النبی ﷺ ان ترم قدماہ.....)

اُمّ المومنین حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا، نماز میں قرآن کریم کا پڑھنا افضل ہے اس کے پڑھنے سے جو نماز کے علاوہ پڑھا گیا ہو اور نماز کے علاوہ قرآن کریم پڑھنا خدا تعالیٰ کی تسبیح اور تکبیر بیان کرنے سے زیادہ افضل ہے۔

(مشکوٰۃ المصابیح کتاب فضائل القرآن الفصل الثالث)

اسی طرح سال میں ایک مرتبہ ایک رمضان المبارک میں قرآن کریم کا کم از کم ایک دور کرنے کی عادت بہت مبارک ہے جو حضرت رسول کریم ﷺ کی سنت کی اتباع میں آپؐ کے زمانہ سے چلی آرہی ہے۔ اس کے علاوہ نفل نماز میں قرآن کریم کا ایک دور ہے۔ یہ مبارک عادت حضرت عمرؓ کے دور سے نماز تراویح کی شکل میں باقاعدہ جاری ہے۔

حضرت مرزا بشیر الدین محمود احمد صاحب خلیفۃ المسیح الثانی فرماتے ہیں:۔

''ہر رمضان میں ساری دنیا کی ہر بڑی (۔) میں سارا قرآن کریم حافظ لوگ حفظ سے بلند آواز کے ساتھ ختم کرتے ہیں۔ ایک حافظ امامت کراتا ہے اور دوسرا حافظ اس کے پیچھے کھڑا ہوتا ہے تا اگر کسی جگہ پر وہ بھول جائے تو اُس کو یاد کرائے۔ اس طرح (اس ایک ماہ میں ہی) ساری دنیا میں لاکھوں جگہ پر قرآن کریم صرف حافظہ سے دہرایا جاتا ہے''۔

(دیباچہ تفسیر القرآن ضیاء الاسلام پریس ربوہ صفحہ 277)

اللہ تعالیٰ ہمیں توفیق بخشے کہ ہم قرآن کریم کی تلاوت کو اس کے تمام آداب کے ساتھ کرنے والے ہوں۔ اور خدا تعالیٰ ہمیں اس کی برکات سے دائمی حصہ عطا فرمائے۔

مکرم احمد جواد مخدوم صاحب بھیروی

# حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کی مشفقانہ سلوک کی چند یادیں

یہ ستمبر 1959ء کی ایک کڑکتی دوپہر تھی۔ جب خاکسار گورنمنٹ ہائی سکول بھیرہ (ضلع سرگودھا) سے میٹرک ہائی فرسٹ ڈویژن میں پاس کرنے کے بعد اپنے والد محترم مخدوم بشیر احمد صاحب علیگ کے ہمراہ تعلیم الاسلام کالج ربوہ میں سال اول میں داخلہ لینے کے لئے ربوہ بس سٹینڈ پر اترا۔ اس وقت سورج پوری آب و تاب کے ساتھ چمک رہا تھا اور دور سے جلوۂ حسن دکھانے والی سنگلاخ پہاڑیوں نے تمازت آفتاب کو دو آتشہ کر رکھا تھا اور ہم پسینے میں شرابور لنگر خانہ حضرت مسیح موعود (نزد بیت المبارک) کی زیارت سے فیض یاب ہوئے۔ سامان کارکنان کے حوالے کرکے عازم کالج ہوئے۔ حضرت مصلح موعود کے مقدس ہاتھوں سے قائم شدہ کالج دیکھنے پر دلی جذبات کی اس شعر میں کچھ عکاسی کی گئی ہے۔

پہاڑوں کے دامن، اجلی فضا میں
ٹی آئی کالج کی رنگیں عمارت
وہ گہوارۂ علم و ادب ہے
بصد شوق کی جسکی میں نے زیارت
(مونسؔ صاحب)

اور میاں عطاء الرحمٰن صاحب بھیروی (وائس پرنسپل) کی سربراہی میں حضرت حافظ مرزا ناصر احمد صاحب (خلیفۃ المسیح الثالث) کے دفتر میں حاضر باشی کا شرف حاصل کیا۔

زمانہ سکول میں استاذی المحترم شیخ خالد محمود صاحب ہیڈ ماسٹر کا بارعب تصور ذہن میں براجمان تھا مگر حضرت میاں صاحب کو ان سے بڑھ کر بارعب اور وجیہہ شخصیت پایا حضرت میاں صاحب نے دلآویز مسکراہٹ سے انٹرویو کا آغاز فرمایا اور مجھ سے میرا نام اور حاصل کردہ نمبروں کے بارے میں پوچھا۔ میرے جواب دینے پر آپ نے میرے انتخاب مضامین کے بارے میں فرمایا ''تم نے سائنس کے مضامین کا انتخاب کیوں نہیں کیا۔ تمہارے نمبر تو بہت اچھے ہیں''۔ اس پر میرے ابا جان گویا ہوئے اور بتلایا (میرے) بڑے لڑکے (مخدوم عثمان علی صاحب المعروف یو۔ اے۔ مخدوم) نے سی ایس پی کا جو بعد ازاں ڈپٹی سیکرٹری وزارت دفاع پاکستان بنے امتحان پاس کیا ہے اور بطور انکم ٹیکس آفیسر تقرری ہوئی ہے۔ میں اسے بھی اسی لائن پر چلانا چاہتا ہوں۔'' اس موقع پر میاں عطاء الرحمٰن صاحب نے ابا جان کا مفصل تعارف کروایا۔

ازراہ شفقت حضرت میاں صاحب نے میری کمزوریٔ صحت کو خصوصی توجہ کا شرف بخشا اور بحالی صحت کے لئے ''سویابین'' دو کلو بطور تحفہ عنایت فرمائی اور اس کے فوائد سے بھی آگاہ فرمایا کیونکہ ہمارے لئے یہ ایک نئی چیز تھی۔ حضرت میاں صاحب کی اس عنایت نے کالج اور ہوسٹل میں دھوم مچادی اور استاد محترم چوہدری ظفر احمد وینس صاحب نے کلاس میں ''تعارفی تقریب'' کے موقع پر اس تحفہ کا خصوصی تذکرہ فرمایا۔

میری ساری زندگی پر محیط آپ کی باران شفقت کی یہ پہلی پھوار تھی۔ فضل عمر ہسپتال میں قیام کے دوران موسم کی تبدیلی سے خاکسار بخار میں مبتلا ہو گیا اور جاتے جاتے بخار نے ایک تکلیف دہ علامت باقی چھوڑ دی والد صاحب (جو رجسٹرڈ حکیم درجہ اول اور خاندانی طبیب تھے) کے علاوہ شہرہ آفاق حکیم شاہ محمد صاحب بھیروی کے علاج سے بھی چنداں فرق نہ پڑا۔ ایک روز میری خوش بختی رنگ لائی اور حضرت میاں صاحب سے مشرف بہ مصافحہ ہوا فرمایا تمہاری صحت خراب معلوم ہوتی ہے۔ عرض کیا بوجہ بخار نقاہت وغیرہ ہوگئی ہے۔ اس پر مجھے فوراً دفتر میں حاضر ہونے کا حکم صادر فرمایا۔ میرے حاضر ہوتے ہی حضرت میاں منور احمد صاحب کے نام خصوصی علاج کے لئے رقعہ عنایت فرمایا اور تاکید فرمائی ''واپسی پر مجھے ملنا۔ دوائی کالج کے فنڈ سے دے دی جائے گی''

حضرت میاں منور احمد صاحب نے بھی بڑی توجہ اور شفقت فرمائی اور نسخہ لکھ کر دے دیا۔ واپسی پر حضرت میاں صاحب کے حکم پر کالج فنڈ سے ایک بیش قیمت دوا مل گئی۔ مگر اس دوائی نے بھی افاقۂ مرض کرنے سے صاف انکار کر دیا۔ میں حیران و پریشان کہ اب کیا کیا جائے۔ حضرت میاں صاحب کو بار بار تکلیف دینا دل کو گوارا نہ تھا۔ ایک روز برسبیل تذکرہ۔ سعید اللہ خان صاحب (ٹیوٹر فضل عمر ہوسٹل ربوہ) سے اس بارے میں عرض کیا آپ نے ایک چھوٹی سی شیشی میٹھی گولیوں پر مشتمل مجھے عنایت فرمائیں اور صرف 4/5 گولیاں نہار منہ کاغذ پر رکھ کر چوسنے کی ہدایت کی۔ ان کی ان ہدایات پر عمل کیا اور میری حیرت کی انتہا نہ رہی کہ صرف ایک ہی خوراک سے بفضل خدا تعالیٰ مکمل آرام آ گیا۔ الحمدللہ چنانچہ میں نے اسے محفوظ کرکے رکھ دیا۔ محترم خان صاحب سے صورت حال عرض کی تو بے حد خوشی ہوئی۔ چنانچہ یہ دوائی (ہومیو) میرے لئے ہومیو پیتھک طریقہ علاج سے تعارف کا موجب بنی۔

ایک روز حضرت میاں صاحب سے شرف ملاقات حاصل کیا اور اپنی ساری ''آپ بیتی'' عرض کر

دی جس پر آپ نے بے حد خوشی اور خوشگوار حیرت کا اظہار فرمایا اور محترم خان صاحب کو ایک 'کامیاب ہومیو پیتھ' کے لقب سے بھی نوازا۔ آپ نے مجھے دلجمعی سے پڑھائی کرنے کی نصیحت فرمائی۔

میں اپنی اس خوش نصیبی پر فرحاں و نازاں کمرہ ہوسٹل میں لوٹا اور اپنے دوستوں کو اس بارے میں بتلایا اس طرح سے میری کمزوری صحت حضرت میاں صاحب کی تاحیات شفقت توجہ ہمدردی اور دعاؤں کا موجب بنی رہی جو میرے لئے باعث صد افتخار ہے۔

26 دسمبر 1961ء کی یخ بستہ صبح کا واقعہ ابھی کل کی بات معلوم ہوتی ہے جب یہ خاکسار بطور معاون ناظم لنگر خانہ نمبر 3 (نزد کالج) ڈیوٹی ادا کرنے کے لئے بعجلت تمام گھر سے روانہ ہوا مبادا دیر ہو جائے ہنوز چشمۂ نور وحرارت یخ بستگی کے خوف سے افق کے اس پار منہ چھپائے بیٹھا تھا۔ تاہم خون کو جما دینے والے ٹھنڈی ہوا کے تھپیڑے میرے عزم کو متزلزل نہ کر سکے بلکہ مہدی دوراں کے مہمانان گرامی کے جذبۂ خدمت نے مجھے کچھ ایسی مہمیز لگائی کہ ہوا کے دوش پر اڑتا ہوا بروقت لنگر خانہ پہنچنے میں کامیاب ہو گیا۔ ابھی دم بھی لینے نہ پایا تھا کہ ہمارے ہر دلعزیز اور واجب صد احترام کالج پرنسپل صاحب افسر جلسہ سالانہ کے روپ میں اپنے چند معاونین کے ہمراہ لنگر خانہ میں جلوہ افروز ہوئے۔ میرے مصافحہ کرتے ہی والد مہربان کی طرح پیار سے لبریز قدرے خفگی سے فرمایا ''تم نے نہ سویٹر پہنا ہوا ہے نہ کوٹ۔ تمہیں سردی نہیں لگتی؟'' میں نے عرض کیا (حضرت میاں صاحب جلدی میں خیال ہی نہیں آیا۔''

پھر فرمایا ''اگر تمہارے پاس سویٹر نہیں ہے تو میرے پاس آنا میں تمہیں دوں گا۔ اس پر آپ کا کمترین شاگرد آپ کی اس بندہ پروری کا دل وجان سے ممنون ہوا۔ چنانچہ بعد ازاں آپ کی اس تنبیہ ناصحانہ کو مشعل راہ بناتے ہوئے بقیہ موسم سرما میں سویٹر یا کوٹ زیب تن کئے رکھا۔

1965ء میں جب میں نے بی ایڈ کا امتحان پاس کیا تو پاک بھارت جنگ کی وجہ سے سرکاری ملازمتوں پر پابندی عائد کر دی گئی۔ چنانچہ تعلیم الاسلام ہائی سکول کے لئے درخواست دے دی تو معلوم ہوا کہ ایک انار اور دو بیمار ہیں۔ چنانچہ اپنے دیرینہ مہربان اور شفیق استاذ المحترم حضرت میاں صاحب کی خدمت میں حاضر ہونے کی غرض سے ان کی کوٹھی پر پہنچا۔ ابھی چوکیدار سے گفتگو کا آغاز کیا ہی تھا کہ حضرت میاں صاحب اچانک عید کے چاند کی طرح طلوع ہوئے میں نے بعد از مودبانہ سلام اپنا مدعا عرض کیا تو آپ نے فرمایا ''کمپیٹ (Compete) کرو'' یہ کہہ کر حضرت میاں صاحب نے اپنے رہائش گاہ کی طرف پیش قدمی فرمائی۔ میں بحر حیرت میں غوطہ زن تھا کہ چوکیدار نے پوچھا میاں صاحب نے کیا جواب دیا ہے۔ میں نے کمپیٹ کا اردو بلکہ پنجابی با محاورہ ترجمہ بتایا تو اس نے جواب دیا بات دراصل یہ ہے کہ حضرت مصلح موعود کی ان دنوں صحت بہت خراب ہے جس کی وجہ سے میاں صاحب پریشان ہیں۔ میں سخت نادم ہوا کہ حضرت میاں صاحب کو سہواً بے وقت تکلیف دی۔ غالباً اسی رات حضرت مصلح موعود رحلت فرما گئے۔

تاریخ احمدیت کی وہ رات ایک درد بھری رات تھی جب بیت المبارک میں حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کے انتخاب کے لئے خلافت کمیٹی کا اجلاس ہو رہا تھا اور باہر ہر احمدی مضطرب اور بے چین تھا آخر بھاری بھرکم آواز لاؤڈ سپیکر پر ابھری اور اعلان کیا (خلاصہ) احباب جماعت احمدیہ حضرت حافظ مرزا ناصر احمد صاحب خلیفۃ المسیح الثالث کی بیعت کے لئے بیت مبارک میں تشریف لے آئیں۔ یہ سن کر سب احمدیوں کے دل کی کلی کھل اٹھی اور اپنے شفیق اور مہربان استاذ المحترم کی خلافت کے منصب پر فائز ہونے کی خوشی کی وجہ سے میرا دل جسم اور روح تک وفور جذبات سے اچھل پتھل ہو رہے تھے۔ چنانچہ دیگر رشتہ داروں اور احمدی بھائیوں کے ہمراہ بیت المبارک کی طرف رش کو چیرتا ہوا دوڑا اور عالم وارفتگی میں حضور انور کی زیارت سے مشرف ہوا۔ جذبات کا تلاطم پر سکون ہوا تو دیگر احمدی بھائیوں کے ہمراہ بیعت سے مشرف ہوا۔ حضور انور محراب میں جلوہ افروز تھے اور بیعت کے الفاظ اپنی زبان مبارک سے ادا فرماتے اور ہم سب نہایت والہانہ انداز میں وہی الفاظ دہراتے تھے اور سب احباب نے پگڑیوں کے علاوہ ایک دوسرے کے کندھے پر ہاتھ رکھ کر جسمانی تعلق قائم کیا ہوا تھا۔

1965ء میں قیام خلافت ثالثہ کے چند دنوں کے بعد میری تعیناتی بطور ٹیچر تعلیم الاسلام ہائی سکول ربوہ ہو گئی اور جلسہ سالانہ پر سکول ہذا میں ہی مجھے بطور نائب ناظم کے فرائض سونپے گئے۔ جلسہ سالانہ سے چند دن پہلے محترم پروفیسر چوہدری محمد علی صاحب (حال وکیل التصنیف تحریک جدید) کی زیر صدارت میٹنگ بسلسلہ ہدایات برائے معاونین وغیرہ منعقد ہوئی۔ میٹنگ کے فوراً بعد اچانک محترم چوہدری صاحب میری جانب رخ کرتے گویا ہوئے ''مخدوم صاحب! آپ کی تقرری اس سکول میں ہو گئی ہے؟'' جب میں نے اثبات میں جواب دیا تو نہایت حیرت اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے فرمایا ''میاں صاحب (اب حضور انور) نے آپ کی تقرری بطور ٹیچر کے لئے میری ڈیوٹی لگائی تھی مگر افسوس کہ حضرت مصلح موعود کے وصال کی وجہ سے یہ بات میرے ذہن سے بالکل اتر گئی تھی اب آپ کو دیکھ کر اچانک مجھے میاں صاحب کا حکم یاد آیا ہے۔ مجھے افسوس ہے کہ میں آپ کی کچھ مدد نہ کر سکا۔'' میں نے عرض کیا ''محترمی یہ جو میں یہاں آیا ہوں یہ صرف حضور انور کی بے پایاں شفقتوں اور دعاؤں کے طفیل ہی تو ہے جس میں آپ کی دعائیں بھی میرے شامل حال ہیں'' اس پر استاذی المحترم چوہدری صاحب مطمئن ہو گئے اور اظہار خوشنودی فرمایا۔

الحمدللہ چند دنوں کے بعد میری خوش بختی ایک اور رنگ لائی۔ حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ڈیوٹی سنٹرز کی چیکنگ کے لئے سکول میں جلوہ افروز ہوئے۔ میرے سلام کرتے ہی فرمایا ''تم یہاں آ گئے ہو؟'' میں نے بصد احترام عرض کیا ''جی حضور''۔ حضور نے پھر فرمایا ''مجھے بتلایا کیوں نہیں''۔ حضور انور کی یہ عزت افزائی میرے تصور سے بے حد فزوں تر تھی۔ میرے یہ وہم و گمان میں بھی نہیں آ سکتا تھا کہ مجھ جیسے ایک کمترین شاگرد کی ایک معمولی درخواست کو خلافت جیسے تقدس مآب منصب جلیلہ پر فائز ہونے کے بعد بھی اس قدر شرف پذیرائی بخشیں گے۔ میں کیا جواب عرض کرتا۔ یہ ناچیز تو قبل ازیں بھی حضور انور کی بے پایاں شفقتوں اور عنایات خسروانہ کا مورد بنا ہوا تھا۔ اب حضور انور کی ایک اور شفقت اور خصوصی کرم فرمائی نے مجھ پر شادی مرگ کی کیفیت طاری کر دی علاوہ ازیں اپنی کوتاہی کے احساس سے بے حد نادم ہوا۔ حضور انور نے فرمایا ''اپنی صحت کا بھی خیال رکھا کرو'' حضور انور کی اس نصیحت میں اس قدر اپنائیت پیار اور شفقت پنہاں تھی کہ سارا بوجھ اتر گیا اور میں فرحاں وشاداں ہو گیا۔

خلافت ثالثہ کے دوران خاکسار اپنے ذاتی امور کے سلسلے میں اکثر و بیشتر حضور انور سے شرف ملاقات حاصل کر کے راہنمائی اور دعا کے لئے حاضر ہوتا رہتا اور حضور انور مہرباں دلفریب مسکراہٹ سے شرف زیارت بخشتے اور دعاؤں سے نوازتے اور میں فرحاں وشاداں واپس لوٹتا۔

1974ء کے پر آشوب اور ابتلائی دور میں ہر ایک احمدی غم وحزن کی تصویر بنا ہوا تھا۔ ایک بار ایک گروپ کی صورت میں شرف زیارت سے حضور انور نے متمتع فرمایا۔ ہر ایک کے دل حزیں اور آنکھیں پُرنم تھیں۔ حضور انور نے حسب معمول دلفریب مسکراہٹ سے فرمایا۔ ''رونا نہیں۔ ہمیشہ مسکراؤ۔'' حضور کے اس فرمان مبارک سے ہر ایک کے دل کی کلی کھل اٹھی اور مسکرانے لگے۔

جلسہ سالانہ کے موقع پر حضور انور سرگودھا کے احباب کو بھی شرف زیارت بخشتے تھے۔ چنانچہ خلافت ثالثہ کے قیام کے پہلے سال جب سرگودہا ضلعی انتظامیہ میرا تعارف کروانے لگی تو حضور نے متبسم ہو کر فرمایا ''میں اسے جانتا ہوں یہ میرا شاگرد ہے۔'' حضور کی اس حوصلہ افزائی سے روح تک خوشی کی لہر سرایت کر گئی۔ بعد ازاں انتظامیہ نے میرے لئے یہ تکلف ترک کر دیا اور مجھے مصافحہ کرنے اور درخواست دعا کرنے کا موقع مل جاتا اور حضور انور ڈھیروں دعاؤں سے نوازتے۔

اللہ تعالیٰ کے حضور ہر دم دعا گو ہوں کہ اللہ آپ کے ساتھ رحم کا سلوک فرمائے اور آپ کے درجات بلند سے بلند تر کرتا چلا جائے اور ہم سب کو آپ کی سیرت کو اپنانے اور ان کے نقوش ہائے پا مبارک پر چلنے کی توفیق عطا فرماوے۔ (آمین ثم آمین)

## وجد کی کیفیت

شیخ عبدالقادر صاحب سابق سوداگرمل نے 1924 میں مڈل کا امتحان لالیاں ضلع جھنگ سے پاس کیا۔ مڈل پاس کرنے کے بعد آپ کے گھرانے کے تمام افراد ذخیرہ بیرانوالہ میں آ گئے۔ یہاں آپ کی ایک نہایت ہی مخلص احمدی دوست میاں محمد مراد صاحب سے ملاقات ہوئی۔ میاں صاحب کی تحریک پر آپ نے قادیان جانے کا پروگرام بنایا۔ رات لاہور میں حضرت قریشی محمد حسین صاحب موجد ''مفرح عنبری'' امیر جماعت لاہور کے مکان پر گزاری حضرت شیخ صاحب فرماتے ہیں:

اللہ اللہ! حضرت حکیم صاحب کی کیا ہی روحانی شخصیت تھی۔ نہایت باوقار، سنجیدہ اور بارعب قد دراز، سر پر سفید پگڑی، میں تو اس وقت صرف پندرہ سولہ سال کی عمر کا بچہ تھا لیکن ان کا نماز پڑھنے کا واقعہ اب تک مجھے یاد ہے۔ مجھے یوں محسوس ہو رہا تھا کہ میں ایک فرشتہ کو حرکت کرتے دیکھ رہا ہوں۔

قادیان پہنچ کر آپ کی فرمائش پر حضرت میر محمد اسحق صاحب ناظر ضیافت نے آپ کے لئے ہندوؤں کے گھر سے کھانا منگوانے کا انتظام کر دیا۔ آپ قادیان میں اندازاً آٹھ دن ہندو رہے۔ اس عرصہ میں مکرم میاں محمد مراد صاحب آپ کو قادیان کے متعدد بزرگوں کے پاس لے جاتے رہے۔

شیخ صاحب فرماتے ہیں:

''وہ زمانہ کیا عجیب تھا **حضرت مصلح موعود پر جوانی کا عالم تھا۔ صحت نہایت اچھی تھی۔ جب آپ نمازوں میں قرآن کریم کی تلاوت فرماتے تو عاشقان زار پر ایک عجیب وجد کی کیفیت طاری ہو جاتی اور جب آپ سجدہ میں جاتے تو بارگاہ الٰہی میں عجز و نیاز کرتے کرتے مخلصین کی چیخیں نکل جاتیں۔** میرا یہ عالم تھا کہ مجھے نماز تو آتی نہیں تھی۔ میں مکرم میاں محمد مراد صاحب کے ساتھ پہلی صف میں نمازیوں کے درمیان بیٹھ جاتا اور سارے نظارے کو بچشم خود دیکھتا رہتا۔

آخر آٹھویں دن آپ نے حضرت اقدس کی خدمت میں عرض کی کہ ''حضور! صداقت مجھ پر منکشف ہو چکی ہے۔ میں پرانے خیالات سے بکلی تائب ہو چکا ہوں۔ حضور! میری بیعت قبول فرما کر مجھے اپنے غلاموں کے حلقہ میں داخل کر لیں۔''

حضور نے فرمایا:

''میاں ابھی تم بچے ہو۔ تمہاری عمر چھوٹی ہے۔ دو تین ماہ اور ٹھہرو اور مزید تحقیقات کرو۔ جلدی کرنے کی کیا ضرورت ہے''۔

مگر آپ نے عرض کی کہ ''حضور! میری روح کو صداقت پر پورا یقین ہو چکا ہے۔ ایک لحظہ کے لئے بھی دین حقہ سے باہر رہ کر زندگی بسر کرنے کے لئے تیار نہیں ہوں۔ حضور میری بیعت قبول فرماویں''۔ چنانچہ ان کے اصرار پر حضور نے اگلے دن بیعت لے لی۔

(الفضل یکم نومبر 1989ء)

عبدالسمیع خان

# اے ڈنمارک کے لوگو!!

## کیا جذبات صرف تمہارے اندر ہیں ہمارے اندر نہیں

جب کوئی شخص ڈنمارک کی سرزمین پر اترتا ہے تو اسے تمام اعلیٰ درجہ کے ہوٹلوں میں ایک کتابچہ مہیا کیا جاتا ہے جس کا عنوان ہے **ڈنمارک میں رہنے کے آداب**۔ یہ کتابچہ انگریزی، ڈینش، فرنچ اور جرمن زبانوں میں میسر ہوتا ہے اور ڈنمارک کے محکمہ سیاحت کی طرف سے شائع شدہ ہے۔

اس کتابچہ کی بعض ضروری ہدایات یہ ہیں۔

1۔ جب آپ کو کوئی ڈینش شخص اپنے گھر بلائے اور وہاں آپ دیکھیں کہ کوئی خاتون گھرداری کے کام میں مصروف ہے تو اپنے میزبان سے یہ مت پوچھیں کہ آپ کی شادی کو کتنا عرصہ ہوگیا؟ کیونکہ ہوسکتا ہے کہ وہ بغیر شادی کے رہ رہے ہوں۔ آپ کے اس سوال سے ان کے دل کو صدمہ پہنچے گا۔

2۔ آپ اگر خاتون خانہ سے بات کریں تو ان کو مسز فلاں کہہ کر نہ مخاطب کریں امکان اس بات کا ہو سکتا ہے کہ وہ ان صاحب کے ساتھ ویسے ہی رہ رہی ہوں۔ آپ کی اس بات سے ان خاتون کو دکھ ہوگا اور آپ اس طرح بداخلاقی کے مرتکب ہوں گے۔

3۔ اگر آپ اپنے میزبان کے گھر میں کسی بچے کو دیکھیں تو اس بچے کی ذہانت یا شکل وصورت کی تعریف کرتے ہوئے اپنے میزبان سے یہ نہ کہیں کہ آپ کا بچہ بہت خوبصورت ہے یا ذہین ہے کیونکہ ہوسکتا ہے کہ وہ بچہ اس میزبان کا بچہ نہ ہو بلکہ خاتون خانہ کا بچہ ہو۔ اس طرح ایک جانب آپ کے میزبان کو دلی دکھ پہنچے گا اور ہوسکتا ہے معصوم بچے کو بھی صدمہ ہو۔ اس لئے اس سلسلے میں حددرجہ احتیاط سے کام لیں۔

4۔ آپ کسی دفتر میں کسی خاتون سے ملیں تو ان سے یہ مت پوچھئے کہ آپ کے شوہر کیا کام کرتے ہیں؟ یا آپ کے شوہر کا نام کیا ہے؟ ہوسکتا ہے وہ خاتون کسی کے بھی ساتھ ایسے ہی رہ رہی ہوں آپ کے سوال کی صورت میں ان کو دکھ پہنچ سکتا ہے۔

5۔ اگر آپ کسی بزنس کے سلسلے میں کسی ڈینش سے ملیں اور وہ آپ کو کھانے وغیرہ پر مدعو کرلے تو گفتگو میں احتیاط سے کام لیں۔ کسی سے یہ مت پوچھیں کہ کیا آپ کے والد حیات ہیں؟ ہوسکتا ہے اس کو معلوم ہی نہ ہو کہ اس کا والد کون تھا اس صورت میں زندگی اور موت کی معلومات کیسے ہوسکتی ہیں؟ آپ یہ سوال کر کے اپنے میزبان کو ذہنی اور دلی صدمہ پہنچانے کے مرتکب ہوسکتے ہیں۔

6۔ کسی بھی ڈینش خاتون کو خط لکھتے ہوئے ان کے نام کے ساتھ مسز تحریر نہ کریں کیونکہ اکثر خواتین مسز ہوئے بغیر مسز ہوتی ہیں آپ کا ان کو مسز لکھنے سے ان کو انتہائی صدمہ ہوگا اور وہ دکھی ہوجائیں گی۔

(بحوالہ روزنامہ جنگ 27 فروری 2008ء ص 8)

ان ہدایات سے معلوم ہوتا ہے کہ ڈنمارک کے باشندے بہت ہی نرم ونازک جذبات رکھتے ہیں اور بہت زود حس ہیں اور تمام دنیا کے لوگوں سے توقع رکھتے ہیں کہ ان کے جذبات کا احترام کریں اور ان کو کسی طرح ٹھیس نہ پہنچائیں۔

مگر ذرا ٹھہریئے اور تجزیہ کیجئے کہ ان کے جذبات کس باتوں سے مجروح ہوتے ہیں۔ دنیا کے تمام مہذب معاشروں کی اکثریت میاں بیوی کے مقدس رشتوں سے تشکیل پاتی ہے اور ان کے ذریعہ ہونے والی اولاد معاشرے میں برملا اس کا اعلان کرتی ہے کہ وہ فلاں باپ اور فلاں ماں کے بیٹے ہیں۔ یہ امور ان کی معاشرتی پہچان اور ان کی قومی دستاویزات کا حصہ ہوتے ہیں۔ آج انسان کی بے راہ روی اسے اس مرحلہ پر لے آئی ہے کہ وہ ان رشتوں کو توڑ رہا ہے مگر اس کے نتیجہ میں اسے امن وسکون نہیں تباہی و بربادی حاصل ہو رہی ہے اور یورپ کے مفکرین اور دانشور اس پر سخت پریشان اور اس صورت حال سے نالاں ہیں۔

پس دنیا کے معروف رسم و رواج کو توڑ کر زندگی گزارنے والوں کے ضمیر انہیں شرم تو دلاتے ہیں لیکن یہ برداشت نہیں کرتے کہ کوئی انہیں بھولے سے بھی اپنا طرز زندگی یاد کرائے دلآزاری کرے مگر خود کروڑوں انسانوں کے دلی جذبات کو کچلنے میں کوئی حرج نہیں سمجھتے۔

وہ یہ پسند نہیں کرتے کہ کوئی ان کے باپ یا ماں کا نام پوچھے مگر پاکوں کے سردار اور مقدس ترین انسانوں کے گروہ کے سرخیل کو ناپاک طریقوں سے یاد کرنے میں کوئی جھجک نہیں پاتے۔

ایک چھت کے نیچے رہنے والے باہمی رشتہ کے بارہ میں پوچھا جانا پسند نہیں کرتے مگر دنیا کے مقدس ترین گھروں کے بارہ میں بدزبانی سے باز نہیں آتے۔ کاش ان کے جگر کٹ جاتے اور دل خون ہوجاتے۔

ڈنمارک کے سارے لوگ تو ایسے نہیں ان میں شریف النفس اور حیادار بھی ہیں اور یہی لوگ ہیں جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی توہین میں نہ صرف حصہ نہیں لیتے بلکہ ان کوششوں کی مذمت کرتے ہیں۔

مگر افسوس ان لوگوں پر ہے جو اپنے بیہودہ اور لغو طرز زندگی سے متعلق بہت حساس ہیں مگر ایک ارب 30 کروڑ مسلمانوں کے دلی جذبات کا کوئی احساس نہیں رکھتے اور ان کی دلآزاری کا نام آزادی اظہار رکھتے ہیں۔

کسی یورپی دانشور نے ہی کہا تھا کہ آپ کو چھڑی گھمانے کی آزادی ہے مگر میری ناک تک پہنچ کر اس کی حدود ختم ہوجاتی ہیں۔

اور جہاں مسئلہ محض ظاہری اعضاء کا نہیں قلبی تعلق اور روحانی وابستگی کا ہے دل کی پاتال تک چھپی ہوئی باریک رگوں کا ہے وہ معاملہ تو بہت نازک ہے۔

